21/04/2025

07.40 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*.......وزیر اعظم نریند ر مودی کا دلی میں 17ویں سیول سروسز دن تقریب سے خطاب// کہا پچھلے دس برسوں کے دوران ملک میں زندگی کے ہر ایک شعبے میں آئی مثبت تبدیلی۔

*.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے قومی ترقی کے اہداف حاصل کرنے اور پالیسوں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے میں سیول سرونٹس کے رول کو کیا اجا گر ۔

*.......سرینگر جموں قومی شاہراہ کو قابل آمد رفت بنانے کیلئے کوششیں جاری // وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رام بن میں متاثرین کو ہر ممکن مدد دینے کا دلایا یقین ۔

اور

*.......وادی میں پیٹرولیم اشیاءاور غذائی اجناس کا وافر اسٹاف موجود // ڈویژنل کمشنر کشمیر ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پچھلے دس برسوں کے دوران بھارت میں زندگی کے ہر ایک شعبے میں مثبت تبدیلی آئی ہے اور حکومت مجموعی ترقی کو یقینی بنانے کی طرف بھر پور توجہ مرکوز کر رہی ہے ۔ نئی دلی میں آج 17ویں سیول سروسز دن کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ مجموعی ترقی کا مطلب ہر ایک کنبے تک پینے کا صاف پانی پہنچانا ، ہر بچے کو معیاری تعلیم سے روشناس کرانا ، ہر کار خانہ دار کو مالی سہولیات پہنچانا اور ہر گاؤں تک ڈیجیٹل اقتصادیات کے فوائد پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت حکمرانی ، شفافیت اور اختراعیت کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت حاصل کر رہا ہے۔

....(PM)....Byte........

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں کئی اصلاحات لائے گئے جن سے شفاف حکمرانی کا عمل یقینی بن گیا اور بنیادی سطح پر لوگ مستفید ہو گئے۔انہوں نے کہا ۔

....(Jitender)....Byte........

ایوارڈ

تقریب کے دوران مختلف شعبوں میں بہترین کار کردگی دکھانے والے سیول سرونٹس کو وزیر آفیسر بھی شامل ہیں۔ IAS اعظم کے ایوارڈ سے سر فراز کیا گیا جن میں جمو ں کشمیر کے کئی آفیسر ہیننے بھی نئی دلی IAS کپواڑہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر آیوشی سودن جو 2017بیچ کی میناآج یہ ایوارڈ حاصل کیا۔ نئی دلی سے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اپنے جذبات کا یوں اظہار کیا۔

....( DC Kupwara)....Byte........

تقریب کے دوران کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان کو بھی ایوارڈ سے نوازا گیا ۔

سیول انتظامیہ کو موثر طریقے پرچلانے کیلئے سیول سرونٹ ایک اہم رول ادا کرتا ہے۔ سیول سرونٹ کے رول اور ذمہ داریوں کے بارے میں جب ہم نے جموں کشمیر پاؤر ڈیولیمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے پرنسپل سیکریٹری ایچ راجیش پرساد کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

....(H.Rajesh Prasad)....Byte........

مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ڈی سی کپواڑہ آیوشی سُدن کو وزیر اعظم ایوارڈ آف ایکسی لنس حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ایک پیغام میں ایل جی نے کہا کہ آیوشی سُدن کی محنت اور تن دہی دیگرلوگوں کیلئے ایک ترغیب بنے گی ۔

ایل جی سیول

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سیول سروسز دن کے موقعے پر تمام سیول سرونٹس کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک پیغا م میں ایل جی نے قومی ترقی کے اہداف حاصل کرنے اور پالیسیوں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے میں سیول سرونٹس کے رول کو اجا گر کیا۔ ایل جی نے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔

صورتحال

گذشتہ دو ایک روز کے دوران درمیانہ درجے سے لیکر بھاری بارشوں کے بعد آج دن میں موسم قدرے خوشگوار رہا اور لوگوں نے راحت کی سانس لی۔جیسا کہ پہلے خبر دی جا چکی ہے کہ تیز بارشوں ، ہواؤں اور ژالہ بھاری سے وادی کے مختلف اضلاع میں میوہ باغات اور دیگر فصلوں کو کافی نقصان پہنچا وہیں رام بن ضلع میں بھاری پسیاں گر آنے سے کافی مکانا ت کو نقصان بھی پہنچا ۔سرینگر جموں قومی شاہراہ کو بھی ان پسیوں سے بھی کافی نقصان پہنچا اور شاہراہ کے لمبے حصے پر پتھر اور مٹی گر آئی ہے ۔ رام بن صورتحال کے بارے میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا ۔

........(CM)....Byte........

پرشوتم

سرینگر جموں قومی شاہراہ کو قابل آمد رفت بنانے کیلئے افرادی قوت اور مشینری کو کام پرلگایا گیا ہے۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا کے پروجیکٹ ڈائریکٹر پرشوتم کمار نے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ زیادہ تر ملبہ سری،ٹی2ٹنل اور کیلا موڑ پر گر آیا ہے جس میں اس کو صاف کرنے میں کچھ وقت لگ سکتا ہے ۔ انہوننے کہا۔

........(Purshotam)....Byte........

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے کہا ہے کہ وادی میں پیٹرولیم اشیاءاور غذائی اجناس کا وافر سٹاک موجود ہے اور اس تعلق سے عام لوگوں کو گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ انہوں نے میڈیا نمائندونکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

....(Div Com)....Byte........

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی رام بن میں ہوئے جانی و مالی نقصان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت معمول کے حالات بحال کرنے کیلئے تن دہی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

........(Farooq)....Byte........

میر

کے جنرل سیکریٹری غلام احمد میر نے جموں کشمیر AICC کانگریس لیجسلیچر پارٹی کے لیڈر کے مختلف علاقوں میں حالیہ بارشوں اور ژالہ بھاری سے جائیداد کو ہوئیے نقصان پر تشویش کا اظہا رکرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ متاثرہ کنبوں کے حق میں بھر پور معاوضہ واگذار کریں ۔

چودھری

کے ایک سینئر لیڈر اور پارٹی ترجمان طاہر چودھری نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر BJP اعلیٰ عمر عبداللہ سے اپیل کی ہے کہ وہ رام بن کے متاثرین کیلئے فوری طور سے ایک خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کریں۔

شوپیان

دریں اثنا شوپیان سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ضلع کے کچھ علاقوں میں آج بھی ژالہ بھاری ہوئی اور مختلف ضلعوں کے کئی علاقوں میں شام دیر گئے بارشیں ہونے کی بھی اطلاعات ملی ہیں۔

دن

آج تخلیقیت اور اختراعیت کا بین الاقوامی دن ہے ۔آج کے دن انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں میں تخلقیت اور اختراعیت کے رول کو اجا گر کیا جاتا ہے۔ماہرین کا ماننا ہے کہ ان دو پہلوؤ ں کو بروئے کار لانے سے ہم ترقی کی بلندیوں کو چھونے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔اس ضمن میں نئی دلی سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے معروف کشمیری تعلیم دان اور سماجی اصلاح کار ڈاکٹر شبستان غفار نے اپنے خیالات کا یوں اظہا رکیا۔

........(Shabistan)....Byte....

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte............

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس ضمن میں جب ہم نے ویلی فروٹ گرورس کم ڈیلرس یونین کے چیر مین بشیر احمد بشیر سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

(Bashir Ah. Bashir) ---V/O---

پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے آج زوہامہ بڈگام میں سُرسیار چاڈورہ سے تعلق رکھنے والے سجاد مظفر احمد ڈار نامی ڈرگ سمگلر کونشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے۔

عمر خراج

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سابق وزیر اور ایم ایل اے بجبہاڑہ عبدالغنی شاہ ویری کو ان کی دسویں برسی کے موقعے پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مرحوم کی خدمت اور اصولوں پر مبنی قائدانہ صلاحیت کو ایک لمبے عرصے تک یاد رکھا جائے گا۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں نے بھی مرحوم کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے جموں کشمیر کی فلاح و بہبود اور تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے میں کلیدی رول ادا کیا ۔

ٹولپ گارڈن

فلوریکلچرمحکمے کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ ٹولپ گارڈن 24اپریل کو سہ پہر کے بعد سے عام لوگوں کیلئے بند رہے گا ۔26مارچ کو سیاحوں کیلئے کھولے گئے اس باغ کی اب تک 7لاکھ سے زائد سیاحوں نے سیر کی ہے ۔

اقبال این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ سر محمد اقبالؒ کی 85ویں برسی پر خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے کلام میں انسان دوستی ، باہمی روا داری اور انسانی قدروں کی صحیح عکاسی ہوتی ہے ۔ پارٹی کے نائب صدر عمر عبداللہ نے بھی ڈاکٹر سر محمد اقبال ؒ کے یوم وصال پر خراج عقیدت کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم کا قلم جذبہ حب الوطنی سے لبریز ہے ۔

کولگام

شاعر مشرق علاقہ اقبال کو ان کی برسی کے موقعے پر خراج عقیدت ادا کرنے کی غرض سے آج گورنمنٹ ڈگری کالج کولگام میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت کالج کی انچارج پرنسپل ڈاکٹر شائستہ مسرت نے کی جبکہ معرو ف ادیب و قلمکار ڈاکٹر حسرت حسین نے مہمان ذی وقار کی حیثیت سے" اقبال کی کشمیر شناسی " پر مدلل خطبہ دیا ۔ تقریب میں کالج عملے کے کئی دیگر ارکان اور طلبہ نے بھی شرکت کی ۔

ست شرما

جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے آج پارٹی کے کچھ دیگرلیڈروں کے ہمراہ ڈاکٹر امبیڈ BJP کر سمان ابھیان کے تحت میونسپل پارک تالاب تلو میں صفائی ستھرائی مہم میں حصہ لیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہاکہ پارٹی نے پور ے ملک میں صفائی ستھرائی کی ایک وسیع مہم شروع کی ہے ۔

ارتھ ڈے

کل پوری دنیا میں ورلڈ ارتھ ڈے منایاجا رہا ہے ۔ اس دن کرہ

---

ٔ ارض کودر پیش خطرات اور ماحولیاتی توازن کو بر قرار رکھنے سے متعلق اقدامات سے متعلق بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔ جموں کشمیر میں کل اس دن کی مناسبت سے متعدد تقاریب کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔

تعزیتی میٹنگ

آکاشوانی سرینگر کے ایک ملازم گلزار احمد زرگر کی وفات کے سلسلے میں آج آکاشوانی سرینگرمیں آج اسٹیشن کے سربراہ گربیندر سنگھ کی صدارت میں ایک تعزیتی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں آکاشوانی نیوز سرینگر سمیت اسٹیشن کے دیگر افسروں اور عملے نے شرکت کی۔

اطلاع

آکاشوانی سرینگر کا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آکاشوانی سرینگر سے آج رات ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوگا ۔ پروگرام کی مہمان شخصیت ہیں پونے مہاراشٹر میں مقیم ایک معروف کشمیری تعلیم دان اور گلو کارہ وینا سادھو کول ۔ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

دورہ

وزیر اعظم نریندر مودی کل سعودی عرب کے سرکاری دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ یہ کسی بھارتی رہنما کا چار دہائیوں کے بعد سعود ی عرب کا پہلا دورہ ہوگا۔ وزیر اعظم وہاں ایک فیکٹری کا دورہ کرکے وہاں بھارتی کامگروں کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے۔

SSP

کی حیثیت سے اپنا عہدہ سنبھالا ۔ضلع کے سینئر SSP امرت پال سنگھ نے آج اننت ناگ کے پولیس افسروں نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔

عرس

حضر ت خواجہ زین الدین علی دار ؒکا سالانہ عرس 23اپریل کو زینہ دار محلہ حبہ کدل میں منایاجا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں وہاں ختمات المعظمات اور درود و اذکار کی مجالس آراستہ ہو رہی ہیں۔ نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کی صدر اور MLA حبہ کدل شمیمہ فردوس نے عرس مبارک کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کرنے کی انتظامیہ سے اپیل کی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35اعشاریہ1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22اعشاریہ1ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر52 اور غروب آفتاب شام7بجکر8منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.......................

.................

........